پاکستان کی تعمیر کرتا ہے

اسکو ہمیشہ سربلند رکھتا ہے

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

محکمہ اطلاعات وتعلقات عامہ

پریس ریلیز

تاریخ 26/03/2024

حوالہ نمبر TMC/G/INF/043/24

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے ملچنگ چنگی دودھ دینے والے جانوروں اور ہیلتھ سرٹیفکیٹ ٹیکس پر ایک بار پھر، KMC نے رات کے اندھیرے میں پولیس اور کے ایم سی انتظامیہ کے ساتھ قبضہ کرنے کی کوشش کی گئی، گڈاپ ٹاؤن کے ملازمین کی مزاحمت پر چنگی پر (کے ایم سی) کے کنٹرول سے بچالیا گیا ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز نے کہا کہ معزز عدالت ہائی کورٹ سندھ نے (کے ایم سی) کے غیر قانونی آرڈر کو معطل کردیا تھا اس کے باوجود (کے ایم سی) نے توہینِ عدالت کرتے ہوئے ملچنگ چنگی پر ناجائز قبضہ کرنے کی کوشش کی اور من پسند ٹھیکیدار گڈلک کو یہ چنگی 3 کروڑ میں دینا چاہتی ہے جبکہ گڈاپ ٹاؤن نے یہ ٹھیکہ 24 کروڑ میں دیا ہے اور مزید کہا کہ اگر ایسا ہوگیا تو گڈاپ ٹاؤن کی عوام کو کافی مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا اور ترقیاتی کاموں سے محروم ہوجائے گے ہم نے پاکستان پیپلز پارٹی کی اعلی قیادت اور متعلقہ اداروں کو تحریری طور پر آگاہ کردیا ہے، ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے میونسپل کمشنر احمد یار ،ڈائریکٹر ٹیکس ہمایوں عمران خان، کونسل ممبران امن دین جوکھیو، پارلمانی لیڈر کونسل ممبر میر عباس ٹالپور نے کہا کہ کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن کے میئر ڈپٹی میئر بھی پاکستان پیپلز پارٹی کے ہیں اُن کے ہوتے ہوئے رات کے اندھیرے میں فورسز کے ساتھ ہماری چنگی پر قبضہ کرنے کی کوشش کی گئی، کے ایم سی کے افسران اس غیر قانونی اقدام سے دور رہیں۔

جاری کردہ

ڈائریکٹر انفارمیشن

رضوان صابر

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

TMCGADAPOFFICIAL@GMAIL.COM TMC GADAP TMC GADAP WWW.TMCGADAP.GOS.PK